**23.09.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ
Music

………………………………

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور مراقش کے اُن کے ہم منصب Abdelatif Loudyi نے Berrechid میں بھارت کے پہلے بیرونِ ملک دفاعی سازوسامان کی تیاری کے مرکز کا افتتاح کیا۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے2023 کیلئے قومی فلم ایوارڈز عطا کئے۔ ملیالی سُپر اسٹار موہن لال کو دادا صاحب پھالکے ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔ ہندی فلم 12th فیل کو بہترین فیچر فلم کا ایوارڈ ملا۔

☆ ریلوے آئندہ تہواروں کے دوران 12 ہزار خصوصی ریل گاڑیاں چلائے گا۔

☆ کولکتہ میں بارش سے وابستہ واقعات میں 9افراد کی موت ہوگئی ہے۔ ریکارڈ بارش سے شہر میں بڑے پیمانے پر پانی بھر جانے سے معمولاتِ زندگی درہم برہم ہیں۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ دو روز کے دوران، مغربی بنگال، اڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں شدید بارش کی وارننگ جاری کی ہے۔

☆ اور چین نے اِس سال کے سب سے طاقتور طوفان Ragasa کے اُس کے جنوبی ساحل کی جانب بڑھنے کے پیش نظر تین لاکھ 70 ہزار سے زیادہ افراد کومحفوظ مقامات پر پہنچایا ہے۔

………………………………

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**Rev. Rajnath Morocco Inauguration**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور اُن کے مراقشی ہم منصب عبد الطیف Loudyi نے آج مراقش کے Berrechid میں ٹاٹا ایڈوانسڈ سسٹمز لمیٹڈ، TASL کے دفاعی مینوفیکچرنگ مرکز کا مشترکہ طور پر افتتاح کیا۔ اِس افتتاح کو بھارت اور مراقش کے درمیان ارتقا پذیر اسٹریٹجک شراکت داری کیلئے تاریخی لمحہ قرار دیتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ اِس مرکز میں سودیسی طرز پر تیار کردہ پہیوں والے بکتر بند پلیٹ فارم تیار کیے جائیں گے، جسے TASL اور DRDO نے مشترکہ طور پر ڈیزائن کیا ہے۔ اِس موقع پر وزیر دفاع نے کہا کہ آتم نربھر بھارت کے ویژن میں صرف بھارت کی اپنی ضرورتوں کیلئے ساز و سامان تیار کرنا نہیں ہے بلکہ اُس صلاحیت کو بھی حاصل کرنا ہے، تا کہ بھارت، دنیا کیلئے جدید ترین ٹیکنالوجی اور اعلیٰ معیاری مصنوعات کا ایک قابل اعتبار ذریعہ بن سکے۔

وزارت دفاع نے بتایا کہ اِس معاہدے کے تحت TASL، یہ گاڑیاں، اگلے مہینے سے رائل Moroccon آرمی کو فراہم کرے گی۔ یہ مرکز، دفاعی اعتبار سے سلطنتِ مراقش کا سب سے بڑا اور بھارت کی پرائیویٹ کمپنی کا افریقہ میں اپنی نوعیت کا پہلا مرکز ہوگا۔ x

## Rev National Film Awards

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں ایک تقریب میں 2023 کیلئے 71ویں قومی فلم ایوارڈس عطا کئے۔ اس موقع پر سرکردہ ملیالی اداکار، ہدایتکار اور پروڈیوسر موہن لال کو سینما میں اعلیٰ ترین اعزاز دادصاحب پھالکے ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔ ایوارڈ عطا کرنے کے بعد اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے اِس بات پر زور دیا کہ سینما محض ایک صنعت نہیں بلکہ معاشرے میں بیداری بڑھانے اور شہریوں کو زیادہ حساس بنانے کا ایک طاقتور وسیلہ بھی ہے۔ انھوں نے فلم صنعت کے سبھی متعلقہ فریقوں پر زور دیا کہ وہ عالمی سطح پر بھارتی فلموں کی زیادہ سے زیادہ شناخت کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کریں۔صدر جمہوریہ نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ خواتین پر مرکوز فلمیں بن رہی ہیں اور اُنھیں ایوارڈ مل رہے ہیں جو سماجی طور پر کافی مثبت ہیں۔

S/B 2045 President on Women

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کا بھارت کو Content تیار کرنے کا ایک مرکز بنانے کا واضح نظریہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ Waves بازار کی مدد سے ملک کے Content تیار کرنے والوں کو نئے مارکیٹ تک رسائی مل رہی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ممبئی میں نیشنل فلم ڈیولپمنٹ کارپوریشن میں بھارت کا پہلا Creative ٹیکنالوجی کا ادارہ کام کر رہا ہے اور یہاں پہلے ہی 17 کورس شروع کئے جاچکے ہیں۔

Byte Ashwini Vaishnaw

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ فلمسازی، قصہ گوئی اور اداکاری کے مختلف زمروں میں قومی فلم ایوارڈ عطا کئے گئے ہیں۔فلم 12th فیل کو بہترین فیچر فلم کا ایوارڈ ملا جبکہ بہترین ہندی فیچر فلم کا ایوارڈ Kathal: A Jackfruit Mystery کو دیا گیا۔ بہترین اداکار کے زمرے میں اداکار شاہ رخ خان کو اُن کی فلم 'جوان' جبکہ اداکار وکرانت Massey کو 12th فیل کیلئے بہترین اداکار کے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ اداکارہ رانی مکھرجی کو اُن کی فلم Mrs. Chatterjee Vs Norway کیلئے بہترین اداکارہ کا ایوارڈ دیا گیا۔Sudipto Sen کی The Kerala Story کو بہترین ہدایتکاری کا ایوارڈ دیا گیا جبکہ ہندی فلم راکی اور رانی کی پریم کہانی کو بہترین مقبول فلم کا ایوارڈ ملا۔x

## Railway Special Train

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے دیوالی اور چھٹھ کے تہواروں کے دوران مسافروں کی سہولت کیلئے 12ہزار خصوصی ٹرینیں چلانے کا اعلان کیا ہے۔ نئی دلّی میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب ویشنو

نے کہا کہ یہ خصوصی ٹرینیں یکم اکتوبر سے 15نومبر کے درمیان چلیں گی۔انھوں نے بتایا کہ پچھلے سال دیوالی اور چھٹھ کے دوران تہواروں پر سات ہزار 750خصوصی ٹرینیں چلائی گئیں تھیں۔وزیر موصوف نے مزید کہا کہ 10ہزار ٹرینوں کو نوٹیفائی کیا جاچکا ہے اور پوری طرح سے unreserved، 150 ٹرینیں آخری وقت میں اچانک تعیناتی کیلئے پوری طرح سے تیار رکھی گئی ہیں۔

S/B: 1800-Rail- Ashwani Vaishnaw

وزیر موصوف نے کہا کہ ریلوے کی 29ڈویژنز نے ٹرینوں کو چلانے میں وقت کی پابندی کا خیال رکھتے ہوئے 95فیصد تک کامیابی حاصل کرلی ہے۔ان ڈویژنوں میں مالدا، ناگپور، کوٹہ، رانچی، جے پور، راجکوٹ، بیکانیر اور احمدآباد شامل ہیں۔ جناب ویشنو نے کہا کہ ریلوے کی وزارت سبھی 70ڈویژنوں میں ٹرینوں کو چلانے میں صد فیصد وقت کی پابندی کا خیال رکھنے کے لئے پوری طرح کوشاں ہے۔ x

## Seva Parv

عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی پر مبنی سیوا اور سُشاسن کے منتر سے تحریک حاصل کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت حکومت تبدیلی اور ترقی کی خاطر انتھک کام کر رہی ہے۔ آج ہم خصوصی سیریز 'سیوا پرو' کے تحت اس بات کا تذکرہ کریں گے کہ کس طرح مودی حکومت نے پردھان منتری کوشل وِکاس یوجنا کے ذریعے بھارتی نوجوانوں کو بااختیار بنایا ہے۔

Capsule

گیارہ برس قبل جب وزیر اعظم نریندر مودی نے جب ملک کی کمان سنبھالی تھی تو انھوں نے ملک کے لاکھوں نوجوانوں کو بااختیار بنانے کا نظریہ پیش کیا تھا۔ اِس مشن کے حصول کی خاطر 15جولائی 2015 کو پردھان منتری کوشل وکاس یوجنا کا آغاز کیا گیا۔ اِس اسکیم کی اب ایک دہائی کا سفر مکمل ہوچکا ہے۔ اپنے نظریے کے بارے میں وزیر اعظم نے کہا تھا

Byte Narendra Modi

اِس اسکیم کے تحت اِس سال جولائی تک تقریباً ایک کروڑ 73لاکھ نوجوانوں کو تربیت دی گئی ہے جن میں 45فیصد خواتین ہیں۔ اس اسکیم کے تحت تربیت یافتہ نوجوانوں کو اپنے متعلقہ کیریئر کا انتخاب کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی بلکہ خود کا کاروبار شروع کرنے میں مدد فراہم کی جاتی ہے۔

راجستھان کے اُدے پور کے رہنے والے اُمیش کمار نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

Byte Umesh Kumar

اِسکل انڈیا مشن نہ صرف نوجوانوں کو بااختیار بنا رہا ہے بلکہ عالمی سطح پر اُنھیں شناخت بھی فراہم کر رہا ہے۔

## Ayushman Bharat

آیوشمان بھارت، پردھان منتری جَن آروگیہ یوجنا کو آج سات سال مکمل ہوگئے ہیں۔ ستمبر 2018میں رانچی

سے شروع کی گئی یہ اسکیم حکومت کی جانب سے متعارف کی گئی دنیا کی سب سے بڑی صحت بیمہ اسکیم ہے۔ اس اسکیم نے بھارت کے صحت کی دیکھ بھال کے شعبے میں یکسر تبدیلی پیدا کی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ آیوشمان بھارت کے سبب ملک، صحت عامہ کے سلسلے میں ایک انقلاب کا مشاہدہ کر رہا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اِس سے مالی تحفظ اور وقار کو یقینی بنایا جاسکا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آیوشمان بھارت مستقبل کی ضروریات کے مدنظر ایک پہل ہے اور اِس میں لوگوں کیلئے کم خرچ، صحت کی دیکھ بھال کے ساتھ ساتھ اعلیٰ معیار کو بھی یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔انگریزی کے ایک روزنامے میں مرکزی وزیر صحت جگت پرکاش نڈّا کے ایک مضمون کو شیئر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ آیوشمان بھارت سب کیلئے صحت کی دیکھ بھال کی خاطر ایک وعدے سے عوامی تحریک بن گیا ہے۔
پیش ہے ایک رپورٹ......

VC Pallavi

55 کروڑ سے زیادہ مستفیدین کے ساتھ آیوشمان بھارت پردھان منتری جَن آروگیہ یوجنا نے ملک میں صحت کی دیکھ بھال کے شعبے میں یکسر تبدیلی پیدا کی ہے۔ گذشتہ 7برس میں اِس اسکیم کے تحت اسپتالوں میں 10 کروڑ 30لاکھ سے زیادہ لوگ داخل ہوئے جنھیں ایک اعشاریہ چار آٹھ لاکھ کروڑ روپئے مالیت کی کیش لیس سہولت ملی جس سے مریضوں کے پیسوں کی کافی بچت ہوئی۔ 2022میں اِس اسکیم میں توسیع کی گئی اور 12 کروڑ کنبے شامل کئے گئے۔ 2024میں اِس میں مزید توسیع کی گئی اور اس میں آشا ورکرس، آنگن واڑی ورکر اور ان کے کنبے شامل کئے گئے۔ گذشتہ برس اکتوبر سے 70برس سے زیادہ سبھی بزرگ شہریوں کو آیوشمان Vay Vandana کارڈ کے ذریعے اُس میں شامل کیا گیا۔

ملک بھر میں ایک لاکھ 80ہزار سے زیادہ آیوشمان آروگیہ مندروں کے ساتھ اِس پہل نے سب کیلئے صحت خدمات کو مستحکم کیا ہے اور کروڑوں افراد کو طبی خدمات تک محفوظ، قابل بھروسہ اور پُروقار رسائی فراہم کی ہے۔
دلّی سے Pallavi Parmar کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......

## Food Summit Nadda

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے لوگوں کی جانب سے استعمال کی جا رہی غذا کے محفوظ اور صحت مند ہونے کو یقینی بنانے کیلئے کثیر جہتی نقطۂ نظر کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ جناب نڈّا، آج نئی دلّی میں عالمی غذائی انضباطی چوٹی کانفرنس کے Logo اور کتابچے کی نقاب کشائی کے بعد اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ غذا کے محفوظ ہونے سے متعلق معیارات اورضابطوں کو باقاعدگی کے ساتھ اپڈیٹ کیا جانا چاہیے۔ جناب نڈّا نے غذا کے سیفٹی معیار کو بلند کرنے اور اِس اہم شعبے کی عالمی پیش رفت میں تعاون کرنے کے معاملے میں بھارت کی غذائی سیفٹی اور معیار سے متعلق اتھارٹی، FSSAI کے اہم رول کا اعتراف کیا۔

S/B: J P Nadda

**GST Household Tractors**

اگلے دور کی GST اصلاحات، بھارت میں بالواسطہ ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی نمائندگی کرتی ہیں۔ اب لوگ گزشتہ کل نافذ کی گئی GST اصلاحات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ نئے ڈھانچے کے تحت GST کونسل نے 5 فیصد، 12فیصد، 18فیصد اور 28فیصد کے چار سطح کے ڈھانچے کو بدل کر صرف 5فیصد اور 18فیصد کر دیا ہے۔ اشیاء اور خدمات پر بڑے پیمانے پر ٹیکس کم کرنے سے شہریوں کو کافی راحت ملے گی۔

VC Rohan

اگلے دور کی GST اصلاحات کے تحت حکومت نے مختلف شعبوں میں کم ٹیکس والا نظام متعارف کرایا ہے۔ کسانوں کو سیدھے بچت فراہم کرنے کے مقصد سے حکومت نے 1800 CC سے کم کے ٹریکٹروں پر GST پانچ فیصد کر دیا ہے، جو پہلے 12فیصد تھا۔ وہیں ٹریکٹر کے کُل پرزوں پر بھی GST کو 18فیصد سے گھٹا کر 5فیصد کر دیا گیا ہے۔ اِس سے جدید زرعی آلات کی لاگت میں کمی آئے گی اور چھوٹے کسانوں کیلئے یہ اب کفایتی ہوجائیں گے۔ اسی طرح عام آدمی کو راحت فراہم کرتے ہوئے گھریلو استعمال کے الیکٹرانک آلات جیسے ایئر کنڈیشنرز، Dishwashers اور ٹی وی پر لگے 28فیصد GST کو گھٹا کر 18فیصد کر دیا گیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے دلّی کی رہنے والی Varnita نے حکومت کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ حکومت کے اِس فیصلے سے مصنوعات سستی ہوں گی اور متوسط طبقے کی دسترس میں ہوں گی۔

S/B: Varnita in GNR mail

اگلے دور کی GST اصلاحات کے تحت مالیاتی نظام کو حقیقی شکل دینے سے کنبوں پر مالی بوجھ کم ہوگا اور صارفین کو استحکام ملے گا۔

دلّی سے روہن کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں ......

**PM Dinkar**

وزیر اعظم نریندر مودی نے قومی شاعر رام دھاری سنگھ دِنکر کو اُن کے یومِ پیدائش پر یاد کیا۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ دِنکر کی نظموں نے بہار اور ملک کے لوگوں میں حب الوطنی کے جذبات کو جلا بخشی۔ x

**WB Rain**

کولکتہ اور اس سے متصل اضلاع میں رات بھر کی موسلادھار بارش اور پانی بھر جانے کے درمیان 9افراد کی موت ہوگئی۔ 7افراد بجلی کا کرنٹ لگنے کے سبب ہلاک ہوگئے اور دو کی ڈوبنے سے موت ہوگئی۔ کئی علاقے اب بھی زیر آب ہیں اور شہر میں معمولاتِ زندگی درہم برہم ہیں۔ بس اور ٹرین خدمات شدید طور سے متاثر ہیں۔ سرکاری، سرکار کی مدد سے چلنے والے اسکول، کل اور جمعرات کو بند رہیں گے۔ وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے اگر صورتحال مزید خراب ہوتی ہے تو دیگر اسکول بورڈ سے چھٹی کا اعلان کرنے کیلئے کہا ہے۔ ریاستی سکریٹیریٹ Nabanna میں 24

گھنٹے کا ایک کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے۔BJP اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں نے اس صورتحال سے نمٹنے میں ناکامی پر سخت تنقید کی ہے۔انھوں نے کہا ہے کہ کولکتہ میونسپل کارپوریشن اور دیگر میونسپلٹیاں پانی بھرنے کی روک تھام کرنے اور کرنٹ لگنے سے اموات کو روکنے کے سلسلے میں مناسب اقدامات کرنے میں ناکام رہی ہیں۔x

## IMD Weather

محکمہ موسمیات IMD نے مغربی بنگال، اڈیشہ اور چھتیس گڑھ کے دور دراز کے علاقوں میں اگلے دو دن کے دوران تیز سے بہت تیز بارش کیلئے Orange الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے شمال مشرقی ریاستوں، بہار، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش، تلنگانہ اور ودربھ میں تیز سے بہت تیز بارش کی بھی پیشگوئی جاری کی ہے۔

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ انڈومان اور نکوبار جزائر، ساحلی آندھراپردیش اور گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال میں اگلے دو سے چار دن کے دوران گرج چمک اور دھول بھری آندھی آنے کا امکان ہے۔x

## Typhoon Ragasa

چین نے سال کے سب سے طاقتور سمندری طوفان Ragasa کے چین کے جنوبی ساحل پر پہنچنے سے پہلے 3لاکھ 70ہزار افراد کا انخلا کرایا ہے۔ حکام نے کم از کم 10شہروں میں اسکول اور کاروبار بند رکھنے کے احکامات دیئے ہیں۔ ہانگ کانگ نے بھی طوفان سے متعلق اپنے الرٹ کی سطح کو بڑھا دیا ہے جہاں لوگ، گھبرا کر خریداری کیلئے اسٹورز پر ٹوٹ پڑے ہیں۔ چین کی موسمیاتی ایجنسی کی جانب سے انتہائی بڑا طوفان قرار دیئے گئے Ragasa کے کل شمالی ویتنام کی جانب بڑھنے سے پہلے چین کے گوانگ ڈوانگ صوبے سے ٹکرانے کا امکان ہے، جس سے لاکھوں زندگیوں کو خطرہ لاحق ہوگیا ہے۔ 500سے زیادہ کیتھے پیسفک پروازوں کے منسوخ ہونے کا خدشہ ہے، جبکہ ہانگ کانگ ایئر لائنز نے اپنی سبھی Departure پروازوں پر روک لگا دی ہے۔

ساحلی شہروں میں رہائشیوں نے کھڑکیوں کو seal کر دیا ہے اور اونچی اٹھنے والی سمندری لہروں کا سامنا کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ ایمرجنسی عملہ، ہائی الرٹ پر ہے کیونکہ لوگ، تیز ہواؤں اور سیلاب کے اثرات سے نمٹنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ Ragasa کے ٹکرانے سے خطے میں بڑے پیمانے پر رخنہ پڑنے کا خدشہ ہے۔

اس سے پہلے کل شام فلپنز کے شمالی حصے سے ٹکرائے Ragasa طوفان میں تین لوگوں کی موت ہوگئی۔ Cagayan صوبے میں ماہی گیری کرنے والی ایک کشتی کے ڈوب جانے سے ایک شخص کی موت ہوگئی، جبکہ 6 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆